نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:ziratnama@hotmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیرزراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی کی لاہور میں زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کے زیرِاہتمام منعقدہ ایشین ڈویلپمنٹ بنک(ADB) کے تعاون سے فصلوں کی بعداز برداشت نقصانات سے بچاؤ کیلئے منعقدہ کی ویبی نار میں شرکت

فصلوں کے پوسٹ ہارویسٹ نقصانات کو کم کرنے کے لئے کاشتکاروں کو جدید ٹیکنالوجی کی فراہمی اور زرعی منڈیوں کے نظام میں اصلاحات کی جارہی ہیں۔وزیرزراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی

لاہور05اگست 2021: صوبہ پنجاب میں پوسٹ ہارویسٹ نقصانات کی شرح 20 فیصد سے زیادہ ہے جس پر قابو پانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔حکومت پنجاب کاشتکاروں کو جدید زرعی مشینری اور تصدیق شدہ اقسام کا بیج سبسڈی پر فراہم کررہی ہے تاکہ فصلوں کے بعداز برداشت ہونے والے نقصانات پر کمی پائی جاسکے ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیرزراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی نے لاہور میں ویبی نار کے ذریعے زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کے زیراہتمام منعقدہ ایشین ڈویلپمنٹ بنک کے تعاون سے منعقدہ ویبی نار میں شرکت کے دوران کیا۔اس موقع پرصوبائی وزیرزراعت نے کہا کہ وزیراعظم پاکستان کے زرعی ایمرجنسی پروگرام پر عملدرآمد جاری ہے اوراس کے تحت اب تک کاشتکاروں کو جدید زرعی مشینری اور فصلوں کے تصدیق شدہ بیج پر 4.4ارب روپے کی سبسڈی فراہم کی گئی ہے۔حکومت پنجاب پنجاب ایگریکلچرل مارکیٹنگ اینڈ ریگولیٹری اتھارٹی کے تحت زرعی منڈیوں کے نظام میں بھی اصلاحات کررہی ہے اور ماڈل منڈیوں میں کولڈ سٹوریج کی سہولیات کی فراہمی کی جائے گی تاکہ آلو سمیت دیگر سبزیات اور پھلوں کی شلیف لائف کو بڑھایا جاسکے۔اس کے علاوہ فصلوں کے پوسٹ ہارویسٹ نقصانات کو کم کرنے کیلئے کاشتکاروں کو آگاہی کی فراہمی بھی ایک اہم ذمہ داری جس میں اکیڈمیا/یونیورسٹیز اپنا کردار ادا کرسکتی ہیں۔وزیرزراعت نے مزید کہا کہ سعودی عرب میں جیسے کھجور کی شلیف لائف بڑھانے کیلئے اقدامات کئے جاتے ہیں اسی طرز کی جدید ٹیکنالوجی پر عمل پیرا ہوکر تمام فصلوں کی بعداز برداشت ہونے والے نقصانات میں کمی لائی جاسکتی ہے۔ ویبی نار سیمینار میں وائس چانسلر زرعی یونیورسٹی راؤ اقرار احمد خاں، وائس چانسلر ایم این ایس زرعی یونیورسٹی ملتان ڈاکٹر آصف علی، ڈائریکٹر جنرل زراعت (اصلاح آبپاشی) ملک محمد اکرم سمیت ایشین ڈویلپمنٹ بنک کے نمائندگان وریسرچرز نے آن لائن شرکت کی۔

☆☆☆☆